
# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: بصری الفاظ | |

**مقاصد:** تم، تمھارا، ہم، ہمارا، یہ اور وہ کے جملے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 27۔ ڈبا، فعل پر مشتمل تصاویر

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں اور ان کے ساتھ کھیل کھیلیں "بوجھیں آپ تو جانیں ہم"۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کوئی رنگ دار کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔ "چیل، کتاب، کیک، شیر، تھیلا، پیاز" کی تصویریں ان جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے دھیان رکھیں کہ الفاظ کا رخ اندر کی طرف ہو تا کہ بچے ان پر لکھے ہوئے الفاظ وہ نہ دیکھ سکیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے، اُس میں سے تصویر نکالیں اور بچے کو اس تصویر کا نام بتانے اور اس سے متعلق جملہ بولنے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- اب بورڈ پر لفظ "میں" لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ یہ کیا لفظ ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ بچوں کو لفظ "میں" پڑھائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ "ہوں" کے ساتھ بننے والے جملوں کے شروع میں کون سا لفظ آتا ہے؟
- بچوں کو لفظ پڑھائیں۔ یہی سرگرمی "میرا، ہم، ہمارا، تم، تمھارا" پر کروائیں۔
- اب بورڈ پر گھر کی تصویر بنائیں۔ بچوں سے تصویر کا نام پوچھیں اور لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر کا استعمال کرتے ہوئے کوئی جملہ بنائیں۔
- اب بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں "یہ میرا گھر ہے۔" اور بچوں سے پڑھوائیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی صفحہ نمبر 27 پر دیے گئے باقی جملوں پر کروائیں۔
- بچوں کو الفاظ "میں، "میرا، ہم، ہمارا، تم، تمھارا" کا استعمال سمجھائیں اور مختلف مثالیں دیں۔
- جماعت کے بچوں کے 7 گروہ بنادیں۔ ایک ٹوکری میں چند افعال کی تصاویر رکھ دیں۔

- ہر گروہ کے سامنے باری باری ایک ٹوکری کریں، اور انھیں اس میں کوئی سی تصویر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- ان تصاویر میں "گھر کی، دو بچوں کی، اسکول جاتے ہوئے یا کھانا کھاتے ہوئے، بچے ہاتھ ملاتے ہوئے، بچے کھیل کے میدان میں کھیلتے ہوئے" کی تصاویر ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جس چیز کی تصویر پر مبنی آئی ہے، الفاظ "میں، "میرا، ہم، ہمارا، تم، تمھارا" کا استعمال کرتے ہوئے ان کے بارے میں جملے سوچیں۔
- اس دوران میں ان چیزوں کی تصویریں بوڈ پر بنادیں، جن کی تصویریں بچوں کو دی ہوں۔
- پھر باری باری ہر گروہ میں سے مختلف بچوں کو بلا کر متعلقہ تصویروں کے ساتھ الفاظ "میں، "میرا، ہم، ہمارا، تم، تمھارا" کا استعمال کرواتے ہوئے جملے لکھوائیں۔
- جو گروہ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے گا، وہ فاتح قرار پائے گا۔
- اسکے بعد بچوں سے صفحہ نمبر 27 کے جملوں کی پڑھائی کروائیں اور بصری الفاظ کے گرد دائرہ لگوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر لکھے بصری الفاظ پر مشتمل جملے لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے بصری الفاظ کے مزید جملے لکھ کر لانے ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی


| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: جملے، بے ترتیب جملے | |

**مقاصد:** یہ اور وہ کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

بے ترتیب جملوں کی ترتیب درست کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 28،27۔ گیند، جار ڈبا

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔
- سب بچوں کو دائرے میں کھڑا کر دیں اور خود بھی دائرے میں ان کے ساتھ کھڑے ہو جائیں۔
- اب کسی بچے کی طرف گیند اچھالیں اور اسے کوئی لفظ بتائیں۔ جیسے اگر آپ بولیں "ہے"۔ وہ بچہ گیند پکڑے گا اور "ہے" کا استعمال کرتے ہوئے زبانی کوئی جملہ بتائے گا۔
- پھر وہ بچہ گیند اپنے آگے کھڑے بچے کی طرف اچھال دے گا اور استاد اس بچے کو کوئی نیا لفظ یعنی "ہیں یا ہُوں" بتائے گا۔
- اس طرح سے یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔ یہ سرگرمی دو منٹ تک کریں۔
- جس گروہ کے بچوں نے درست طور پر یہ سرگرمی کی ہو گی، وہ گروہ فاتح قرار پائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)




- کتاب کے صفحہ نمبر 27 کی سرگرمی کروانے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کہ "یہ" اور "وہ" کا استعمال کن چیزوں کے لیے کیا جاتا ہے؟
- "یہ، وہ" پر مبنی چھے جملے مختلف رنگ کی پرچیوں پر لکھ کر اور ان سے متعلقہ چھے تصویریں بھی جملوں کے ساتھ رکھ کر تیار کر لیں اور انھیں بند کر کے ایک جار میں ڈال دیں۔
- ایک پرچی پر ایک جملہ لکھا ہو اور اس میں متعلقہ تصویر اور لفظ کے ساتھ "یہ، وہ" لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- جماعت کے بچوں کو تین حصوں میں تقسیم کریں۔ انھیں ٹیم بادل ٹیم سورج اور ٹیم چاند کا نام دیں۔
- اپنی مرضی اور پسند کے مطابق ٹیموں کے نام تبدیل بھی کیے جا سکتے ہیں۔
- اب جار باری باری ہر ٹیم کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی دو پرچیاں اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچیاں آئی ہیں، انھیں کھول کر اس پر بنی ہوئی تصویر دیکھیں، لکھا ہوا جملہ پڑھیں اور خالی جگہ میں "یہ یا وہ" لگا کر جملے مکمل کریں۔
- پھر باری باری ہر ٹیم سے ان کے مکمل کیے ہوئے جملے سنیں اور جیتنے والے والی ٹیم کی حوصلہ افزائی کریں۔



- کتاب کے صفحہ نمبر 28 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ان کے ساتھ کھیل کھیلیں "بوجھیں آپ تو جانیں ہم"۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کوئی رنگ دار کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- "مچھلیاں میں تیرتی ہیں، اُونٹ بڑا جانور ہے، اسد پڑھ رہا ہے" کے جملوں کے الفاظ پرچیوں پر بے ترتیب لکھ دیں۔
- ایک پرچی پر ایک جملے کے الفاظ بے ترتیب لکھے ہوں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے، اُس میں سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے الفاظ کو ترتیب دے کر جملہ بنوائیں اور تختہ تحریر پر لکھوائیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند بے ترتیب جملے لکھیں اور بچوں سے ان جملوں کی ترتیب درست کرنے کے لیے کہیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: الفاظ سازی | |

**مقاصد:** لفظوں کی ابتدائی آواز ا پہچان سکیں۔

آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔ (جائزہ حصہ 1)

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 29۔ پاسا، چارٹ پیپر کا بنا ایک راستا

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ کھیل کھیلیں، جس کا نام ہے: Blind Fold یعنی آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
- جماعت کے بچوں کے تین گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ تین مختلف رنگ کی پرچیوں پر بے ترتیب جملے لکھ لیں اور انھیں کسی ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ٹوکری میں ڈالنے سے پہلے انھیں بند کر دیں۔ ہر گروہ کے سامنے باری باری ایک ٹوکری کریں، بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے کوئی سے بھی پرچی اٹھالے۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچی آئی ہے، اسے کھول کر اس پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں اور ان کو ترتیب دے کر با معنی جملہ بنائیں۔
- بچوں کو بتا دیں کہ اپنے گروہ کے بچوں کے علاوہ وہ پرچی کسی دوسرے گروہ کے بچے کو نہ دکھائیں۔ اس کے لیے انھیں ایک منٹ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو پرچی سمیت بلائیں۔
- اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان میں کسی جگہ کھڑا کر دیں۔
- اسے کہیں کہ وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی بچے کو چھوئے اور وہ پرچی اس بچے کو دے۔
- وہ جس بچے کو چھوئے گا، وہ بچہ جلدی سے اٹھ کر پرچی پر لکھا ہوا رکن پڑھے اور اس کے حروف الگ الگ کرے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو اس کا موقع دیا جائے گا۔
- اس طرح سے سرگرمی باقی گروہوں کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)




- جماعت کے بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 29 کھلوائیں۔
- بچوں سے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- بورڈ پر چند الفاظ لکھیں۔ جیسے بابا، چادر، باجا، پانی۔
- بچوں سے پوچھیں کہ ان لفظوں کو غور سے پڑھیں اور بتائیں کہ کن الفاظ کی ابتدائی آواز ایک جیسی ہے۔
- فرداً فرداً بچوں سے جواب لیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

| |
|---|
| • کتاب کے صفحہ نمبر 29 پر موجود "سننا" کے تحت دیے گئے الفاظ کی پرچیاں تیار کرلیں اور ایک جار میں ڈال لیں۔<br>• جماعت کے بھی چار گروہ بنالیں۔ چاروں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور جار میں سے دو دو پرچیاں نکالنے کو کہیں۔<br>• بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان پرچیوں پر لکھے الفاظ پڑھیں۔<br>• جن بچوں کے پاس ایک ہی حرف سے شروع ہونے والے الفاظ آئے ہیں وہ بچے کھڑے ہو جائیں۔<br>• بچوں سے ان کے پاس موجود الفاظ سنیں اور ان کو الفاظ بورڈ پر لکھنے کو کہیں۔<br>• اس کے بعد "بولنا" کے تحت دی گئی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 29 کھلوائیں۔<br>• بچوں کو تمام الفاظ کی پڑھائی کرنے کو کہیں۔<br>• بورڈ پر تمام الفاظ لکھیں اور ایک لفظ کے آخری حرف سے پہلے استاد خود نیا لفظ بنا کر لکھیں۔<br>• بعد میں بچوں کو جوڑیوں میں بٹھائیں اور ایک ایک اسٹکی نوٹ دے دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر تمام الفاظ میں سے ہر ہر لفظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا کر لکھیں۔ اس کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد بچوں کا کام چیک کریں اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔<br>• درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلوا کر ان الفاظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا کر لکھنے کو کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: پڑھائی | |

**مقاصد:** الفاظ درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

تصویر کو دیکھ کر نام لکھ سکیں۔(جائزہ حصہ 2)

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب صفحہ نمبر 30،29۔ پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:**(5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 29 پر موجود الفاظ کی پہلی سطر خود پڑھیں۔
- پڑھتے وقت آواز کے اُتار چڑھاؤ کا خاص خیال رکھیں۔ باقی کا متن بچوں سے پڑھائیں۔
- اس کے لیے طلبہ وطالبات کے نام کی پرچیاں ایک ڈبے / ٹوکری میں ڈالیں۔
- کسی طالب علم سے پرچی نکلوائیں۔ جس بچے کا نام نکلے، وہ بچہ کتاب کے صفحہ نمبر 29 پر موجود الفاظ کی درست تلفظ اور روانی سے پڑھائی کرے۔
- کوشش کریں کہ سب بچوں کو پڑھنے کا موقع مل سکے۔
- سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے معنی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔
- تاکہ بچے متن کو مکمل طور پر سمجھ سکیں۔
- اگر کوئی بچہ پڑھنے کے دوران میں غلطی کرے تو اُسے فوراً ٹوکنے کی بجائے اُس لفظ کو تختہ تحریر پہ لکھ لیں۔
- پڑھائی ختم ہونے پر اُن الفاظ کی اصلاح کے لیے ہر لفظ کو خود ادا کریں اور بعد ازاں بچوں کو دہرانے کے لیے کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 30 کھلوائیں۔
- بچوں سے صفحے پر موجود تصاویر پر بات چیت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ایک کھیل کھیلیں، جس کا نام ہے:"آنکھوں پر پٹی باندھنا"۔
- ایک ٹوکری میں لڑکی، مسجد مچھلی، کرسی، بھینس، کتاب کی تصویریں ڈال دیں۔
- اب جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔
- اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیں اور اسے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے کوئی سی بھی تصویر اٹھالے۔
- پھر اس بچے کا ہاتھ پکڑ کر اسے جماعت کے درمیان میں کھڑا کر دیں اور اس سے کہیں کہ وہ جماعت کے کسی بھی بچے کو ہاتھ لگائے۔
- وہ بچہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا جاکر جس بچے کو چھوئے گا، وہ بچہ اس بچے کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی تصویر کو دیکھے گا اور جلدی سے جاکر بورڈ پر اس تصویر کا نام لکھے گا۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی تصاویر پر مختلف بچوں سے کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: الفاظ سازی | |

**مقاصد:** الفاظ کے حروف الگ الگ کر سکیں۔ (جائزہ حصہ 3)

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 30۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کے تین گروہ بنالیں ان سب گروہوں کے بچوں کو ایک ایک اسٹکی نوٹ دے دیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپس میں بات چیت کے بعد اپنے اپنے نام کے حروف الگ الگ کریں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- کام کی نگرانی کریں۔
- جہاں بچوں کو مشکل محسوس ہو ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔ وقت مکمل ہونے کے بعد بچوں کا کام چیک کریں۔
- درست کام کرنے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ غلط کام کرنے والے کی پیار سے اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 30 پر موجود الفاظ لکھیں۔
- تمام الفاظ کی بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ان کے ساتھ کھیل کھیلیں **"بوجھیں آپ تو جانیں ہم"۔**
- اس سرگرمی کے لیے ایک ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کوئی رنگ دار کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 30 پر موجود االفاظ پرچیوں پر لکھ دیں۔ ایک پرچی پر ایک لفظ لکھا ہو۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے، اُس میں سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے لفظ کے حروف الگ الگ کر کے بورڈ پر لکھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ درست الفاظ کے حروف الگ کرے گا اس کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد کتاب کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کے حروف الگ الگ کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |


# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: اپنا تعارف | |

**مقاصد:** اپنے بارے میں جملے لکھ سکیں۔(جائزہ حصہ 4)

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر30۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- تصویری فلیش کارڈ کو کاٹ کر اس کے حصّے الگ الگ کر کے پہلے سے تیار کر لیں۔
- فلیش کارڈ کے یہ ٹکڑے بے ترتیبی سے کسی میز کا بینچ پر پھیلا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ یہ کارڈ ایک ہی تصویر کے حصّے ہیں انھیں ترتیب سے ملانے پر تین مختلف تصویریں بنتی ہیں۔
- یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارنے میں بہت معاون ثابت ہو گی کیوں کہ بچے جاننا چاہیں گے کہ یہ تصویریں کس کے متعلق ہیں؟
- اب اس سرگرمی کے لیے جماعت میں سے کچھ بچوں کو بُلائیں اور انھیں تصویر کے حصّوں کو ترتیب لگانے اور بورڈ پر چسپاں کرنے کے لیے اسے ۲ منٹ کا وقت دیں۔
- تصویر کے حصّوں کو بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے یوں چسپاں کروائیں کہ مکمل تصویر بن جائے۔
- تینوں تصویریں یوں ہی چسپاں کروائیں۔
- سب سے پہلے تصویر مکمل کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- جماعت میں جانے سے پہلے پرچیوں پر مشتمل ڈبا تیار کر لیں جس میں تمام گھر والوں کے نام ان سے بننے والے رشتے لکھے ہوں۔
- بورڈ پر چند جملے لکھیں جیسے:
- پرچی پر لکھے رشتے سے آپ کا کیا تعلق ہے؟
- آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟
- آپ کے والد کا کیا نام ہے؟
- آپ کے والد کیا کام کرتے ہیں؟



- آپ کے گھر میں کیا کوئی بزرگ رہتا ہے؟
- آپ کے دادا کا کیا نام ہے؟
- بچوں سے ان تمام سوالات کی مختصراً جواب لیں۔
- اس کے بعد بچوں سے ان کی کاپیاں نکلوانے کو کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے بارے میں تین تین جملے لکھیں۔
- اس کام کو مکمل کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ کام مکمل کرنے کے بعد چیک کریں۔
- اب تختہ تحریر پر ایک چارٹ پیپر کا بنا ہوا خرگوش چسپاں کر دیں جس کے پاس ایک ٹوکری میں بچوں کے ناموں پر مشتمل گاجریں رکھ دیں۔
- ایک ٹوکری میں بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈال لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ خرگوش کو بہت بھوک لگی ہے۔
- ٹوکری بچوں کے سامنے کرتے جائیں جس بچے کا نام نکلے وہ بچہ اپنے نام پر مشتمل گاجر خرگوش کو کھلائے گا اور اپنے بارے میں تین تین جملے بھی سنائے گا۔
- جو بچے یہ کام سب سے پہلے اور درست طریقے سے کریں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) متفرق بچوں سے اپنے بارے میں بورڈ پر جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) اپنے والدین کے بارے میں تین تین جملے لکھ کر لانے ہیں۔